Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 16 | ہفتہ ، 24 جنوری 2026ء، 4 شعبان المعظم 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 283

پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس متعدد بلز منظور

ساختہ گل پلازہ پر حکومت اور اپوزیشن کی متفقہ قرارداد اور اپوزیشن کی جانب سے اعتراضات کے باوجود متعدد بلز منظور کر لئے گئے

عالمی عدالت انصاف نے نیتن یاہو کو دہشت گرد قرار دیا ہے، جو کام نیتن یاہو نہ کر سکا وہ اب پیس بورڈ کے نام پر شروع ہوا ہے، راجہ ناصر عباس

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں ساتھ گل پلازہ پر حکومت اور اپوزیشن کی متفقہ قرارداد اور اپوزیشن کے شدید احتجاج اور صدر مملکت کی جانب سے اعتراضات کے باوجود متعدد بلز منظور کر لئے گئے۔ جمعہ کو سپیکر ایاز صادق کی زیر صدارت پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس 35 منٹ تاخیر سے شروع ہوا، جس میں قانون سازی کے متعدد اہم ٹائٹ زیر بحث آئے، اس موقع پر ایوان (بقیہ نمبر 6)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اپنی چھت، اپنا گھر اور اپنی زمین، اپنا گھر پراجیکٹس پارے مدارت کر رہی ہیں

وزیر تجارت کی فلپائن کے سفیر سے ملاقات

فلپائن میں پاکستان کی چاول کی برآمدات کو بڑھانے پر تبادلہ خیال

ملک میں برآمد کے لیے چاول کا وافر ذخیرہ دستیاب ہے، جام کمال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے پاکستان میں فلپائن کے سفیر ڈاکٹر ایرانولی آر فرنینڈز سے اہم ملاقات کی۔ جمعہ کو ہونے والی ملاقات میں فلپائن میں پاکستان کی چاول کی برآمدات کو بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ (بقیہ نمبر 7)

ججز کی روزانہ کارکردگی عوام کے سامنے لانے کا اعلان

خصوصی سافٹ ویئر تیار کر لیا گیا، عوام ایک کلک پر ججز کی کارکردگی دیکھ سکیں گے، جسٹس مس عالیہ نیلم

لاہور (این این آئی) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے ضلعی عدلیہ میں پہلی مرتبہ پنجاب کی ماتحت عدلیہ کے ججز کی روزانہ بنیادوں پر کارکردگی عوام کے سامنے لانے کا تاریخی فیصلہ کر لیا۔ چیف جسٹس کے (بقیہ نمبر 10)

بلال بھٹی کی والدہ کے انتقال پر عوامی للکار کی جانب سے اظہار تعزیت

والدہ کا انتقال ایک ناقابل تلافی نقصان ہے اور ماں جیسی ہستی کا کوئی نعم البدل نہیں ہوتا، محمد فیصل ندیم

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) محکمہ اطلاعات پنجاب کے افسر بلال بھٹی کی والدہ محترمہ کے انتقال پر روزنامہ عوامی للکار کے ایڈیٹر ان چیف محمد فیصل ندیم نے گہرے رنج و غم اور دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں (بقیہ نمبر 8)

صدر مملکت آصف علی زرداری کا عالمی یوم تعلیم کے موقع پر پیغام

آئین کے آرٹیکل 25 اے کے تحت مفت اور لازمی تعلیم کی ضمانت اس بنیادی حق کے لئے ہمارے مشترکہ عزم کی عکاس ہے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) عالمی یوم تعلیم کے موقع پر میں پاکستان کے عوام، خاص طور پر طلبہ، اساتذہ، والدین، سکالرز اور تعلیم کے فروغ سے منسلک تمام افراد کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اس سال کا موضوع تعلیم کی تخلیق (بقیہ نمبر 9)

اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ، وزیراعلیٰ مریم نواز نے گھروں کی توسیع کے بلاسود قرضوں کے اجراء کی منظوری دیدی

گھروں کی توسیع کے بلاسود قرضوں کے اجراء کی منظوری

جوائنٹ فیملی میں رہنے والے گھر کی توسیع کے بھی اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے تحت بلاسود قرض لے سکیں گے، جون 2026 تک ایک لاکھ 60 ہزار گھر بنانے کا ہدف مقرر

اپنی زمین، اپنا گھر کے 1534 پلاٹوں کی الاٹمنٹ کی بھی منظوری، پنجاب بھر میں اپنی چھت، اپنا گھر کے تحت 53843 مکان زیر تعمیر، 164 ارب 66 کروڑ روپے کے ریکارڈ قرضوں کا اجراء

اپنی چھت، اپنا گھر کے رجسٹرڈ یوزرز کی تعداد 1880081، درخواست گزار 1066559، پنجاب بھر میں 67197 گھر آباد، ریکوری 99 فیصد

دوسری قسط بھی جلد از جلد ادا کرنے کی ہدایت، اپنی چھت، اپنا گھر کے صارفین کے انتقال کی صورت میں پالیسی مرتب کرنے کا حکم

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے گھروں کی توسیع کے بلاسود قرضوں کے اجراء کی منظوری دیدی۔ جوائنٹ فیملی میں رہنے والے گھر کی توسیع کے بھی اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے تحت بلاسود قرض لے سکیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اپنی زمین، اپنا گھر کے 1534 پلاٹوں کی الاٹمنٹ کی بھی منظوری دے دی۔ پہلے مرحلے میں جنہیں 194، 129، 84 اور 59 پلاٹ بذریعہ قرعہ اندازی دیئے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اپنی زمین، اپنا گھر کے پلاٹوں کی جلد از جلد قرعہ اندازی کے لئے (بقیہ نمبر 4)

تک ایک لاکھ 60 ہزار گھر بنانے کا ہدف مقرر کر دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اپنی زمین، اپنا گھر پراجیکٹ کے تحت بلاسود قرض لے سکیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے جون 2026

بقیہ 1

ڈی فی ڈی کیپٹل کے ناک ش طاہر ذیر اطلاعات جانب کے خلاف جھوٹے ، بے بنیاد اور بجک ا میز 200 جعلی بیڈ اور فرد کو ڈال کر ادائے کا الزام عائد کیا ہے ۔ کے بنیاری نے اس الزام کو بے بنیاد گھٹیا ، بے بنیاد اور بے بنیاد قرار دیا ہے ۔ درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا ہے کہ فرد کو ہ ہیں ، اس لیے شہریوں سے التماس ہے کہ وہ اپنی اور دوسروں کی حفاظت کو مدنظر رکھتے ہوئے مرکی کا سٹرک سیل میڈیا اور ڈی ٹی آئی کے آفیشل اکاؤنٹس پر بھی شائع کیا ہے ۔ دریں اثنا ، تھانہ اکھوں اور تھانہ ہے ۔ ہم نے ہر ایماندار جانب کا حکام عزت اور سلامتی کا ذمہ دار ہے ۔ ہم نے ہمیشہ قانون کا احترام کیا ہے ۔ کہ فرد کو عدالت میں پیش کیا جائے گا جو ہماری عدالت ہے ۔ ویڈیو فوٹیج ، سی سی ٹی وی کیمرے ، ریکارڈ اور ڈسٹرکٹ جیل بطور شواہد جمع کروائے گئے ہیں ۔ فرد کو ہمارے ہاں سے ہم نے ہی تحویل میں لیا ہے ۔ ہم نے کسی کو ہاتھ نہیں لگایا ۔ ہم نے کسی کو ہاتھ نہیں لگایا ۔ ہم نے کسی کو ہاتھ نہیں لگایا



کسان کو زمین نوجوان کو روزگار پنجاب کا نیا ترقیاتی ماڈل

تحریر: محمد فیصل ندیم

پنجاب کابینہ کے فیصلے محض اعلانات نہیں، عملی حکمرانی کا آغاز

اپنا کھیت، اپنا روزگار دیہی معیشت میں نئی روح

سرکاری زمین اشرافیہ نہیں، اب غریب کسان کے نام



مزارع سے مالک تک: زرعی اصلاحات کی نئی سمت

نوجوانوں کے لیے روزگار یا محض وعدے؟ حقیقت کیا ہے

سی سی ڈی اور ٹورازم پولیس: امن اور روزگار کا دوہرا فائدہ

پنجاب کی سیاست اور حکمرانی میں بعض فیصلے وقتی ہوتے ہیں اور بعض ایسے ہوتے ہیں جو آنے والی نسلوں کی سمت متعین کرتے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیرِ صدارت صوبائی کابینہ کے 32ویں اجلاس میں کیے گئے فیصلے محض سرکاری کارروائی نہیں بلکہ ایک ایسے وژن کا عملی اظہار ہیں جس کا مرکز عام آدمی، کسان، نوجوان، مریض اور تاجر ہے۔ یہ اجلاس اس لحاظ سے غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے کہ اس میں زراعت، روزگار، ٹرانسپورٹ، صحت، تعلیم، مزارع بن کر دوسروں کی زمینوں پر محنت کرتا رہا۔ صوبائی کابینہ نے یہ اصولی فیصلہ کر کے واضح پیغام دیا ہے کہ سرکاری زرعی اراضی اب اشرافیہ کے مفادات کی نذر نہیں ہوگی بلکہ غریب کسان کے روزگار اور خودمختاری کا ذریعہ بنے گی۔ وزیراعلیٰ کی جانب سے 50 ہزار افراد کو کاشت کے لیے زمین دینے کی ہدایت اس بات کا ثبوت ہے کہ حکومت محض دعووں نہیں بلکہ عملی اقدامات پر یقین رکھتی ہے۔ اگر یہ پروگرام شفاف طریقے سے نافذ ہو جاتا ہے تو یہ دیہی معیشت میں انقلاب برپا کر سکتا ہے، زرعی پیداوار میں اضافہ ہوگا اور کسان کو عزت و وقار کے ساتھ جینے کا حق ملے گا۔

پنجاب کی معیشت کا دوسرا اہم ستون نوجوان ہیں۔ بدقسمتی سے گزشتہ کئی برسوں سے نوجوان بے روزگاری، مایوسی اور غیر یقینی صورتحال کا شکار رہے ہیں۔ کابینہ اجلاس میں سی سی ڈی، ایکسائز، ٹیکسیشن، نارکوٹکس کنٹرول، ٹورازم پولیس اور دیگر محکموں میں ہزاروں نئی آسامیوں کی منظوری اس بات کی غماز ہے کہ حکومت نوجوانوں کو صرف نعروں میں نہیں بلکہ قومی سرمایہ سمجھتی ہے۔ کرائم کنٹرول پالیسی کی عکاسی کرتا ہے اور مستقبل میں روزگار کے مواقع پیدا کرے گی بلکہ امن وامان کے قیام میں بھی کلیدی کردار ادا کرے گی۔ اسی طرح ٹورازم پولیس کی بھرتیاں سیاحت کے فروغ اور محفوظ ماحول کی ضمانت بن سکتی ہیں۔ ٹرانسپورٹ کے شعبے میں کیے گئے فیصلے بھی ایک نئے سفری انقلاب کی بنیاد رکھ رہے ہیں۔ اصلاح کے بعد اب خصوصیات میں الیکٹرک بس سروس کا آغاز اس امر کا ثبوت ہے کہ حکومت سہولیات کو صرف بڑے شہروں تک محدود نہیں رکھنا چاہتی۔ ایک ہزار گرین بسوں کی خریداری اور 25 مارچ سے کیش لیس ادائیگی کے نظام کا نفاذ نہ صرف جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ہے بلکہ شفافیت اور سہولت کا بھی ضامن ہے۔ یہ فیصلہ ماحول دوست ہے۔ البتہ اس امر کی ضرورت ہے کہ کیش لیس نظام کے ساتھ ساتھ عوامی آگاہی مہم بھی چلائی جائے تاکہ عام شہری بآسانی اس نظام کو اپنا سکیں۔

سیاحت کے شعبے کو پنجاب کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہو سکتی ہے، بشرطیکہ اس پر سنجیدگی سے کام کیا جائے۔ کابینہ اجلاس میں تمام اضلاع میں پارس اینڈ کیبل شو کے انعقاد اور مری کے علاوہ نئے سیاحتی مقامات متعارف کرانے کی ہدایت ایک خوش آئند قدم ہے۔ پنجاب صرف تاریخی عمارات ہی نہیں بلکہ قدرتی حسن، ثقافتی ورثے اور دیہی سیاحت کے بے پناہ مواقع رکھتا ہے۔ اگر حکومت انفراسٹرکچر، سکیورٹی اور پروموشن پر توجہ دے تو یہ شعبہ لاکھوں افراد کے لیے روزگار کا ذریعہ بن سکتا ہے۔

اور امن وامان کسی بھی ترقی کی بنیاد ہوتا ہے۔ اجلاس میں دی گئی بریفنگ کے مطابق کچے کے علاقوں سے 1141 ڈاکوؤں کا سرنڈر کرنا ایک بڑی کامیابی ہے۔ قرضل ڈرون اور جدید کیمروں کے ذریعے ریفنالیوں کی بازیابی نے ثابت کیا کہ جدید ٹیکنالوجی سے امن وامان کی بحالی ممکن ہے۔ یہ اقدامات عوام کے اعتماد کی بحالی میں اہم کردار ادا کریں گے، جو کسی بھی حکومت کے لیے سب سے بڑا سرمایہ ہوتا ہے۔

صحت کے شعبے میں فیصلے بھی قابلِ تحسین ہیں۔ بڑے سرکاری ہسپتالوں کے آئی سی یو کے لیے وینٹی لیٹرز کی خریداری، سرجری پروگرام اور چیف منسٹر کیئر پیشنٹ پروگرام کی منظوری ایسے اقدامات ہیں جو براہ راست عام آدمی کی زندگی سے جڑے ہوئے ہیں۔ پاکستان جیسے ملک میں جہاں مہنگا علاج غریب کے لیے خواب بن چکا ہے، وہاں ایسے پروگرام کسی نعمت سے کم نہیں۔ اصل امتحان ان پروگراموں کے مؤثر اور شفاف نفاذ میں ہے تاکہ وسائل صحیح مریض تک پہنچ سکیں۔ تعلیم کسی بھی قوم کی ترقی کا بنیادی زینہ ہے۔ یونیورسٹی آف پنجاب کے پٹھوہار کیمپس گوجر خان کے قیام کی منظوری اس خطے کے طلبہ کے لیے ایک بڑا تحفہ ہے۔ اسی طرح سکول مینجمنٹ کونسل پالیسی میں ترامیم سے سکولوں کی سطح پر بہتری کی امید کی جا سکتی ہے۔ اگر تعلیمی اداروں کو سیاسی مداخلت سے پاک کر کے میرٹ اور کارکردگی کی بنیاد پر چلایا جائے تو نتائج یقیناً بہتر ہوں گے۔

دیہی معیشت سے جڑے چیرا ڈیزری فیلڈ اسٹاف کے ٹریولنگ الاؤنس میں اضافہ حکومت کی اس سوچ کی عکاسی کرتا ہے کہ نچلے درجے کے ملازمین کی فلاح بھی اتنی ہی اہم ہے جتنی بڑے منصوبے۔ امام مسجد صاحبان کے اعزازیہ پروگرام کی منظوری بھی ایک حساس اور قابلِ توجہ قدم ہے، جو معاشرتی ہم آہنگی کو فروغ دے سکتا ہے۔

مجموعی طور پر دیکھا جائے تو صوبائی کابینہ کا 32واں اجلاس محض فیصلوں کی فہرست نہیں بلکہ ایک واضح بیانیہ ہے کہ پنجاب میں حکمرانی کا رخ بدل رہا ہے۔ کسان کو زمین، نوجوان کو روزگار، مسافر کو سہولت، مریض کو علاج اور تاجر کو آسانی فراہم کرنے کا عزم اگر اسی رفتار اور خلوص کے ساتھ آگے بڑھتا رہا تو پنجاب واقعی ایک مثالی صوبہ بن سکتا ہے۔ البتہ ضروری ہے کہ ان فیصلوں پر عملدرآمد کی نگرانی مؤثر انداز میں کی جائے، کیونکہ عوام اب اعلانات نہیں بلکہ نتائج دیکھنا چاہتے ہیں۔ یہ وقت سیاست سے بڑھ کر ریاستی ذمہ داری نبھانے کا ہے۔ اگر حکومت اور ادارے اس وژن پر متحد رہے تو آنے والے برسوں میں پنجاب ترقی، خوشحالی اور استحکام کی ایک نئی مثال بن کر ابھر سکتا ہے۔

تحصیلوں تک الیکٹرک بسیں: سفری سہولت میں انقلابی قدم

کیش لیس ٹرانسپورٹ: شفافیت یا عوام کے لیے نیا چیلنج؟

گرین بسیں اور ماحولیاتی بہتری کی امید

پنجاب میں سیاحت کا نیا بیانیہ: ہارس اینڈ کیبل شو سے آگے

مری کے بعد نئے سیاحتی مراکز: امکانات اور تقاضے

کچے کے علاقے، ڈاکوؤں کا سرنڈر اور ریاستی رٹ

امام مسجد اعزازیہ پروگرام: سماجی ہم آہنگی کی کوشش



جدید ٹیکنالوجی سے امن وامان کی بحالی

صحت کے شعبے میں اصلاحات: عام آدمی کے لیے کتنی آسانی؟

کینسر اور دل کے مریضوں کے لیے سرکاری سہارا

پوٹھوہار کیمپس: تعلیم کی علاقائی تقسیم کی طرف قدم

سکول مینجمنٹ کونسل اصلاحات: کیا معیار بدلے گا؟

چھوٹے ملازمین کی فلاح: الاؤنس میں اضافہ، بڑا پیغام





محکمہ اوقاف کو کرپشن سے پاک کرنے کیلئے ڈیجیٹائزیشن کا فیصلہ

صوبائی وزیر اوقاف چوہدری شافع حسین کا نیلا گنبد چوک میں محکمہ اوقاف کی مسجد اور جامعہ اشرفیہ کی قدیم درسگاہ کا دورہ

نیلا گنبد چوک میں جاری ترقیاتی منصوبے پر پیش رفت کا جائزہ لیا، حکام نے جاری منصوبے پر پیش رفت سے آگاہ کیا

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اوقاف، زمینی امور چوہدری شافع حسین نے نیلا گنبد چوک میں محکمہ اوقاف کی مسجد اور جامعہ اشرفیہ کی قدیم درسگاہ کا دورہ کیا اور لاہور کے تاریخی وزٹ کی

واس چالرز ہال کی ڈاکٹر ہمیرہ انسٹیٹیوٹ آف ڈینٹل سائنس کے پراسپیکٹس کی فہرست کا افتتاح کر رہے ہیں

معاملے کے منصوبے پر پیش رفت کا جائزہ لیا۔ سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹہ، جامعہ اشرفیہ کے مفتی احمد، دیگر علماء اور اوقاف آف لاہور اتھارٹی کے حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔ والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی کے حکام نے جاری منصوبے پر پیش رفت سے آگاہ کیا۔ جامعہ اشرفیہ کے علماء نے درسگاہ سے نیلا گنبد چوک میں مسجد کی جانب دروازہ (تقریب نمبر 29)

شہری کو قتل کرنے والے مجرم کو سزائے موت سنادی گئی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی سوشل میڈیا سیل کے باعث شہری کو قتل کرنے والے مجرم کو سزائے موت سنا دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ساہنہ ڈھکی پر فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے والے مجرم کو معزز عدالت نے سزائے موت سنا دی، مجرم مراد خان کو 10 لاکھ روپے ہرجانے کی بھی سزا سنائی گئی، واقعہ کا مقدمہ جنوری 2023 قائم (تقریب نمبر 31)

سی پی او کی ایس ایس پی انوسٹی گیشن اور تفتیشی ویلگل ٹیموں کو شاباش

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی سوشل میڈیا سیل کے باعث ڈکیتی معمہ کے مقدمہ میں مجرم کو مجرمی طور پر سزائے موت سنادی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ڈکیتی معمہ قتل کے مقدمہ میں معزز عدالت نے مجرم کو سزائے موت سنا دی۔ مقدمہ میں مجرم کو 14 سال قید، 04 لاکھ روپے ہرجانہ اور 20 ہزار روپے جرمانے کی سزائیں سنائیں (تقریب نمبر 42)

جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری

شہریوں کو لوٹنے کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے چار اراکان گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) تھانہ کراہی بفتی پولیس نے شہریوں کو اسلحہ کی نوک پر لوٹنے کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے چار اراکان گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں تھانہ کراہی بفتی پولیس ٹیم نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے (تقریب نمبر 43)

ناروال: ڈپٹی کمشنر طیب خان ڈپٹی منیجنگ اتھارٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد پولیس کا مختلف علاقوں میں سرچ اینڈ کومنگ آپریشن

5 مشکوک افراد اور 3 موٹر سائیکل جاچ پڑتال کے لئے تھانے منتقل

191 افراد، 95 گھروں، 27 دکانوں، 92 موٹر سائیکلوں اور 13 گاڑیوں کی چیکنگ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے مختلف علاقوں میں سرچ اینڈ کومنگ آپریشن کے دوران 191 افراد، 95 گھروں، 27 دکانوں، 92 موٹر سائیکلوں اور 13 گاڑیوں کی چیکنگ کی جبکہ 5 مشکوک افراد اور 3 موٹر سائیکلز کو جاچ پڑتال کیلئے تھانہ جات منتقل کیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں ذوالفی ایس پیز کی زیر نگرانی تھانہ تونل، تھانہ رمنا اور تھانہ کس کالونی کے مختلف علاقوں میں گریڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشنز کئے گئے، سرچ آپریشن کے دوران 191 افراد (تقریب نمبر 44)

راولپنڈی، قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار

اشتہاری نے معمولی تلخ کلامی پر ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے شہری کو قتل کر دیا تھا

راولپنڈی (این این آئی) صادق آباد پولیس نے قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا، زیر حراست اشتہاری نے معمولی تلخ کلامی پر ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے شہری کو قتل کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ مئی 2024 قائم صادق آباد میں درج کیا گیا تھا۔ صادق آباد پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع (تقریب نمبر 45)

سی این جی سیکٹر کیلئے 24 جنوری سے 48 گھنٹے گیس بند رہے گی

گیس بحران کا فیصلہ موسم سرما میں گیس کی بڑھتی ہوئی طلب کے پیش نظر کیا گیا

کراچی (این این آئی) ترجمان سوئی سدرن کے مطابق صنعتوں اور سی این جی سیکٹر کے لئے 24 جنوری سے 48 گھنٹے گیس بند رہے گی۔ ترجمان کے مطابق گیس بحران کا فیصلہ موسم سرما میں گیس کی بڑھتی ہوئی طلب کے پیش نظر کیا

پرائیویٹ سکولوں کے سکیورٹی انتظامات کی مانیٹرنگ نہ ہونے کا انکشاف

محکمہ سکول ایجوکیشن کا متعلقہ اتھارٹیز کی جانب سے پرائیویٹ سکولوں کی سکیورٹی مانیٹرنگ نہ کرنے پر سخت نوٹس

صوبہ بھر میں 10 ہزار سے زائد پرائیویٹ سکولوں کی سکیورٹی چیک کرنے کے احکامات جاری کر دیئے

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر میں پرائیویٹ سکولوں کے سکیورٹی انتظامات کی مانیٹرنگ نہ کئے جانے کا انکشاف سامنے آ گیا۔ ذرائع کے مطابق محکمہ سکول ایجوکیشن کے چاب

لکڑی پر پرائیویٹ سکولوں کی سکیورٹی مانیٹرنگ کے واضح احکامات جاری کیے تھے تاہم ان ہدایات پر مملدرآمد نہیں کیا گیا جبکہ سکول ایجوکیشن سے متعلقہ اتھارٹیز کی جانب سے پرائیویٹ سکولوں کی سکیورٹی مانیٹرنگ نہ کرنے پر سخت نوٹس لے لیا۔ اس صورتحال کے پیش نظر محکمہ تعلیم نے ایک بار پھر سرکاری اور پرائیویٹ دونوں سکولوں کی سکیورٹی چیک نمبر 48)

گندم کی قلت، رمضان سے قبل آٹے کی فراہمی پر دباؤ کا خدشہ

صوبے کو آئندہ تین ماہ کے دوران 17 لاکھ 50 ہزار میٹرک ٹن گندم درکار ہے

لاہور (این این آئی) پنجاب میں گندم کی قلت کی صورتحال تشویشناک شکل اختیار کر گئی۔ ذرائع کے مطابق صوبے کو آئندہ تین ماہ کے دوران 17 لاکھ 50 ہزار میٹرک ٹن گندم درکار ہے جبکہ

لاہور: سیکرٹری ایفٹ اینڈ سپلائی بٹالرا وقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ تاندر بار ہسپتال کے دسال سے بنڈر بنے والے پیڈیگل وارڈ کا مرمت کے بعد افتتاح کر رہے ہیں

سوشوا کنامک سروے پر تعینات سینکڑوں اساتذہ کو ڈبل ڈیوٹی دینا ہوگی

اساتذہ پہلے مذہبی فرائض انجام دیں گے، اس کے بعد سروے ڈیوٹی پر جانا ہوگا

لاہور (این این آئی) سوشوا کنامک سروے پر تعینات سینکڑوں اساتذہ کو اب ڈبل ڈیوٹی دینا ہوگی۔ اساتذہ پہلے سکولوں میں مذہبی فرائض انجام دیں گے اور اس کے بعد سروے ڈیوٹی پر جانا ہوگا۔ اس فیصلے کے باعث متعدد سکولوں میں اساتذہ کی کمی (تقریب نمبر 3)

آئل ٹینکرز، ایل پی جی سلنڈر، سٹور مجرز کے سیفٹی سٹینڈرڈ پر نظر ثانی کا فیصلہ

ملک میں موجود تمام آئل ٹینکرز کا دوبارہ جائزہ لیا جائے گا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) آئل ٹینکرز، ایل پی جی سلنڈر، سٹور مجرز کے سیفٹی اسٹینڈرڈ پر نظر ثانی کا فیصلہ کر لیا گیا۔ ڈیپارٹمنٹ آف ایکسپلوسیو سیفٹی اسٹینڈرڈ ز آئل ٹینکرز میں ترامیم کابینہ کمیٹی قانون سازی کو بھیج دی، سیفٹی اسٹینڈرڈ ز حامی معیار اور آئل ٹینکرز کی تیاری اسے ڈی آر آر اسٹینڈرڈ کے مطابق ہوگی۔ ذرائع کے مطابق نے سیفٹی اسٹینڈرڈ ز آئل ٹینکرز میں ترامیم کابینہ کمیٹی ملک میں موجود تمام آئل (تقریب نمبر 34)

راولپنڈی: سی پی او سید خالد ہمدانی سیٹ بلٹ کے استعمال اور اہمیت کے حوالے سے شہریوں کو اہم پیغام دے رہے ہیں

راولپنڈی کو ورڈ سیفٹی کا مثالی شہر بنانے کیلئے پولیس پر عزم ہے

شہری اپنی اور دوسروں کی حفاظت کے لیے سیٹ بلٹ کا استعمال یقینی بنائیں، روڈ سیفٹی ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے

ذمہ دارانہ ڈرائیونگ کو اپنی عادت بنائیں، شہری اپنی اور دوسروں کی حفاظت کے لیے سیٹ بلٹ کا استعمال یقینی بنائیں، سی پی او راولپنڈی سید خالد ہمدانی

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی نے سیٹ بلٹ کے استعمال اور اہمیت کے حوالے سے شہریوں کو اہم پیغام دیتے ہوئے کہا کہ شہری اپنی اور دوسروں کی حفاظت کے لیے سیٹ بلٹ کا استعمال یقینی بنائیں، روڈ سیفٹی ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، ذمہ دارانہ ڈرائیونگ کو اپنی عادت بنائیں سی پی او راولپنڈی نے ٹریفک قوانین کا گاہی ہم کے قتت شہریوں سے ملاقات کے (تقریب نمبر 36)

راولپنڈی، 9 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 9 ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 9 ملزمان کو حراست میں لے کر اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، ملزمان کے خلاف (تقریب نمبر 37)

لاء کالجز کے الحاق پر پابندی لگ گئی

رولز میں ترمیم کے بعد نئے لاء کالجز کے الحاق پر تین سال کیلئے پابندی عائد کی گئی

لاہور (این این آئی) پاکستان بار کونسل نے لاء کالجز کے الحاق پر پابندی عائد کر دی۔ رولز میں ترمیم کے بعد نئے لاء کالجز کے الحاق پر تین سال کیلئے پابندی عائد کر دی گئی۔ پاکستان بار کونسل کے مطابق سمی یونیورسٹی کا 15 جنوری 2026ء سے

شہری کو قتل کے مقدمہ میں مجرم کو سزائے موت سنادی گئی

سی پی او کی ایس ایس پی انوسٹی گیشن اور تفتیشی ویلگل ٹیموں کو شاباش

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی سوشل میڈیا سیل کے باعث ڈکیتی معمہ قتل کے مقدمہ میں مجرم کو مجرمی طور پر سزائے موت سنادی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ڈکیتی معمہ قتل کے مقدمہ میں معزز عدالت نے مجرم کو سزائے موت سنا دی۔ مقدمہ میں مجرم کو 14 سال قید، 04 لاکھ روپے ہرجانہ اور 20 ہزار روپے جرمانے کی سزائیں سنائیں (تقریب نمبر 42)

11 پتنگ سپلائر گرفتار، 2000 سے زائد پتنگیں اور 21 ڈوریں برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 11 پتنگ سپلائر گرفتار کر کے 2000 سے زائد پتنگیں اور 21 ڈوریں برآمد کر لیں۔ تفصیلات کے مطابق ضمیر آباد پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 1200 پتنگیں اور 10 ڈوریں برآمد کیں، وارث خان پولیس نے دو افراد کو حراست میں لے کر 228 پتنگیں اور 02 ڈوریں برآمد کیں، واہ کینٹ پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 200 پتنگیں اور 03 ڈوریں برآمد کیں، مورگاہ پولیس نے (تقریب نمبر 32)

راولپنڈی، منشیات سپلائر محمد حفیظ کو 9 سال قید کی سزا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی سوشل میڈیا سیل کے باعث منشیات سپلائر محمد حفیظ کو 9 سال قید کی سزا سنا دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت نے منشیات سپلائر کو سزا سنا دی، مجرم محمد حفیظ کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سے 1 کلو 650 گرام چرس برآمد ہوئے پر تھانہ صدر واہ پولیس نے اگست 2024 میں (تقریب نمبر 35)

خیبر پختونخوا میں سرکاری عمارتوں کا سروے کرانے کا فیصلہ

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں سرکاری عمارتوں کا سروے کرانے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس سلسلے میں ڈائریکٹر سروے ڈیشن نے سٹیکہ ہولڈر ریلیف کو خطاکھ کر فائر فائٹنگ آلات نہ رکھنے والی عمارتوں پر جرمانہ 5 ہزار سے بڑھا کر 5 لاکھ روپے کرنے کی تجویز دی ہے۔ ڈائریکٹر سول ڈیشن نے خط میں عمارتوں کے خلاف کارروائی کا اختیار ضلعی انتظامیہ کو دینے کی بھی سفارش کی ہے۔ خط میں کہا گیا کہ عمارتوں میں حفاظتی آلات کی عدم موجودگی سخت (تقریب نمبر 49)

ڈوبلڈ ٹرمپ کا بورڈ آف پیس غزہ پر قبضے کا منصوبہ: لیاقت بلوچ

لاہور: (اے ایف پی) جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ امریکی صدر ڈوبلڈ ٹرمپ کا بورڈ آف پیس غزہ پر قبضے کا منصوبہ ہے۔ اپنے بیان میں لیاقت بلوچ کا کہنا تھا کہ وزیر دفاع خواجہ آصف نے قومی اسمبلی میں غلط بیانی سے اتھاریوں کے لئے قومی راحتی کا بیانیہ اختیار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے گندم کی قیمت 3500 روپے مقرر کر کے زراعت اور کسان کی بربادی کی ہے کزشتہ روز ماہی رابطے (تقریب نمبر 50)

پاک فوج کے زیر اہتمام نیشنل سیکیورٹی ورکشاپ خیبر پختونخوا اختتام پذیر

ورکشاپ میں میں عمائدین، اکیڈیمیا، میڈیا، سیاسی قائدین، سول سوسائٹی سمیت مختلف طبقات کی شرکت

شرکا کا دہشتگردی کیخلاف پاک فوج کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے افواج پاکستان کیساتھ غیر متزلزل یکجہتی کے عزم کا اعادہ

واس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی شیخ ذاید اسلامک سنٹر میں ورکشاپ لگا گرجمکاری کا آغاز کر رہے ہیں

پشاور (این این آئی) پاک فوج کے زیر اہتمام نیشنل سکیورٹی ورکشاپ خیبر پختونخوا پشاور میں کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہو گئی۔ تو تین ماہ کی یہ ورکشاپ 11 سے 22 جنوری 2026 تک جاری رہی جس میں عمائدین، اکیڈیمیا، میڈیا، سیاسی قائدین، نوجوانوں اور سول سوسائٹی سمیت مختلف طبقات نے شرکت کی۔ ورکشاپ کے 80 فیصد شرکا کا تعلق خیبر پختونخوا، بالخصوص ضم شدہ اضلاع سے تھا جبکہ 20 فیصد نمائندگی ملک کے دیگر حصوں سے رہی، مجموعی طور پر 91 شرکاء اور پشاور کی جامعات (تقریب نمبر 53)

ریسکیو 1122 کی گاڑی حادثے کا شکار ہو کر نہر میں جا گری

لاہور (این این آئی) دھرمن کو ریسکیو کرنے والوں کو خود بھی ریسکیو کی ضرورت پڑ گئی۔ کینال روڈ پر ریسکیو 1122 کی گاڑی حادثے کا شکار ہو کر نہر میں جا گری۔ ایمبولینس کو حادثہ فتوکر سے جانب جناح ہسپتال انڈر پاس، ٹھوکر کے قریب پیش آیا۔ ایمبولینس کا ٹائر برسٹ ہوا جس کے باعث ایمبولینس آؤٹ آف کنٹرول ہو کر نہر میں جا گری، حادثے میں ایک ریسکیو اہلکار اور ڈرائیور زخمی ہوا۔ دونوں زخمی افراد کو قریبی ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

سعودی عرب، منشیات سمگلنگ کی کوشش، پاکستانی شہری کو سزائے موت

مکہ مکرمہ (این این آئی) مکہ مکرمہ ریجن میں پاکستانی شہری کو سزائے موت دے دی گئی۔ سعودی وزارت داخلہ کے مطابق پاکستانی شہری غاب خان کو سعودی عرب میں منشیات اسمگلنگ کرنے کی کوشش میں گرفتار کیا گیا تھا، تحقیقات اور اقرالی بیان میں ملزم پر عائد الزام ثابت ہو گیا تھا۔ سعودی وزارت داخلہ کے مطابق قانونی چارہ جوئی کے بعد ملزم کو عدالت کے سامنے پیش کیا گیا۔ عدالت نے پیش کردہ تحقیقاتی رپورٹ اور اقبالی بیان کی روشنی میں (تقریب نمبر 56)

چھانگا مانگا، باراتیوں کی کار حادثہ کا شکار، چار افراد جاں بحق

چاروں نوجوان چوکی کے رہائشی تھے جو دوست کی بارات واپس آ رہے تھے

چوکی، چھانگا مانگا (این این آئی) چھانگا مانگا میں باراتیوں کی کار حادثہ کا شکار، انسپکٹر ٹاک حادثہ میں چوکی سے تعلق رکھنے والے 4 افراد جاں بحق ڈرائیور زخمی ہسپتال منتقل۔ قصور کی تحصیل چونیاں کے علاقے چھانگا مانگا روڈ پر بھوئے امل کے قریب بارات سے واپسی پر تیز رفتار کار بے قابو ہو کر درخت سے گرا گئی۔ حادثے کے نتیجے (تقریب نمبر 51)

ایس پی راول کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹر میں کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے افسران کو احکامات جاری کئے

راولپنڈی (این این آئی) ایس پی راول سعد ارشد نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی راول سعد ارشد نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس پی راول نے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، مارک کردہ درخواستوں پر دیے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے، ایس پی راول سعد ارشد نے متعلقہ افسران کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے مسائل (تقریب نمبر 47)

لیسکو کا ریجرز کے ہمراہ کریک ڈاؤن، 75 بجلی چور گرفتار

بجلی چوروں سے 1 کروڑ 24 لاکھ 45 ہزار روپے کی ریکوری

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی نے رینجرز کے ہمراہ بجلی چوروں کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران 75 بجلی چوروں کو گرفتار کر لیا۔ رواں ماہ کے دوران بجلی چوروں سے 1 کروڑ 24 لاکھ 45 ہزار روپے کی ریکوری کی گئی جبکہ 18 لاکھ 58 ہزار سے زائد یونٹس کی بجلی چوری پکڑی گئی۔ اس کے علاوہ مجموعی طور پر ایک ہزار چھ سو بجلی چوروں کے خلاف کارروائی کی گئی جبکہ ایک ہزار پانچ سو افیسہ آئی آرز کی درخواستوں پر 600 مقدمات درج ہوئے۔

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

لاہور، پرنسپل پی پی ایم آئی پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل سیمینار کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

سی این جی سیکٹر کیلئے 24 جنوری سے 48 گھنٹے گیس بند رہے گی

گیس بحران کا فیصلہ موسم سرما میں گیس کی بڑھتی ہوئی طلب کے پیش نظر کیا گیا

کراچی (این این آئی) ترجمان سوئی سدرن کے مطابق صنعتوں اور سی این جی سیکٹر کے لئے 24 جنوری سے 48 گھنٹے گیس بند رہے گی۔ ترجمان کے مطابق گیس بحران کا فیصلہ موسم سرما میں گیس کی بڑھتی ہوئی طلب کے پیش نظر کیا گیا۔ کمرشل اور کمرشل صارفین کو بہتر گیس پریشر فراہم کرنے کے لئے صنعتوں کو گیس بند کی جارہی ہے۔ صنعتوں، کیپٹیو پاور پلانٹس اور این جی ایشیٹرز کو بھنڑ کو بھنڑ کو 8 بجے سے بجے 8 بجے تک گیس بند رہے گی (تقریب نمبر 52)

چوہنگ کے علاقہ سے کوڑے کے ڈھیر سے نومولود کی لاش برآمد

جوہر ٹاؤن کے علاقے میں تیز رفتار بس نے نوجوان کو کچل دیا

لاہور (این این آئی) چوہنگ کے علاقہ سے نومولود بچے کی لاش کوڑے کے ڈھیر پر پھینک کر فرار ہو گئے۔ جوہر ٹاؤن جناح اڈہ پاس کے کوڑے کے ڈھیر سے نومولود کی لاش برآمد ہوئی ہے۔ چوہنگ کے علاقے میں نامعلوم شخص قریب تیز رفتار بس نے (تقریب نمبر 54)

بارش کے باعث چھت گرنے سے ایک شخص جاں بحق

حادثے میں دو افراد شدید زخمی بھی ہوئے جنھیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا، ریسکیو

میانوالی (این این آئی) میانوالی تحصیل بلاں میں بارش کے باعث مرغی خانے کی چھت گرنے سے سترہ سال کا عبدالرحمن نامی لڑکا جاں بحق جبکہ دو افراد شدید زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق میانوالی تحصیل بلاں کے علاقے میں بارش کے باعث مرغی خانے کی چھت گرنے کا المناک واقعہ پیش آیا جہاں چھت کا ملبہ گرنے سے نوجوان موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا، جاں بحق ہونے والے کی شناخت 17 سال کے عبدالرحمن کے نام سے ہوئی۔ حادثے (تقریب نمبر 55)

صوبائی وزیر اوقاف و مذہبی امور چوہدری شافع حسین کا نیلا گنبد چوک میں جاری ترقیاتی منصوبے پر پیشرفت بارے بریفنگ دی جا رہی ہے

اسلام آباد، کمیونٹی خواتین خواتین مزل اکرم پولیس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

2 کار سوار ملزمان کی پولیس پارٹی پر فائرنگ، ایک زخمی ملزم گرفتار

فائرنگ کے دوران ایک فائر کانسٹیبل عمیر کو بھی لگا جو بلٹ پروف جیکٹ کی وجہ سے محفوظ رہے

راولپنڈی (این این آئی) ٹینہ ٹاؤن کے علاقہ میں رات گئے 2 کار سوار ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کر دی، فائرنگ کے دوران ایک زخمی ملزم گرفتار کر لیا گیا جبکہ 2 فرار ہو گئے، زیر حراست ملزم سے سرموک کار اور اسلحہ برآمد کر لیا، فائرنگ کے دوران ایک فائر کانسٹیبل عمیر کو بھی لگا جو بلٹ پروف جیکٹ کی وجہ سے محفوظ رہے۔ تفصیلات کے مطابق ٹینہ ٹاؤن کے علاقہ میں رات گئے 2 کار سوار ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کر دی، فائرنگ کے دوران ایک زخمی ملزم گرفتار کر لیا گیا جبکہ 2 فرار ہو گئے، زیر حراست ملزم سے سرموک کار اور اسلحہ برآمد، زخمی حالت میں گرفتار ملزم کی شناخت (تقریب نمبر 46)

لاہور: چیئرمین ڈسٹرکٹ جنرل ڈاکٹر ہیرین لاہور میں مدت تعیناتی مکمل ہونے پر سیکرٹری داخلہ ڈاکٹر احمد جاوید نقاشی سے الوداعی ملاقات کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کا ویژن

محفوظ پنجاب

CM PUNJAB MARYAM NAWAZ

عوام کے جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح

صوبہ پنجاب میں ماڈرن فائر ریسکیو سسٹم

ریسکیو 1122 کا اعزاز جنوبی ایشیا کی پہلی اقوام متحدہ انسرگ سرٹیفائیڈ ٹیم

اکرو ہنٹ فری، روز ٹو روز فائر سپاٹس میں معاون

پنجاب کمیونٹی سیفٹی بلڈنگز ریگولیشنز 2022

پر سختی سے عملدرآمد جاری

پنجاب کی پہلی ایئر ایمبولینس سروس کا آغاز

عوام کے تحفظ کے لیے حکومت پنجاب کے عملی اقدامات

- پہلی بار پنجاب کی 2200 سے زائد بلند و بالا عمارتوں کا سروے مکمل
- بلند و بالا عمارتوں کی سیفٹی چیک لسٹ کے مطابق A,B,C,D درجہ بندی
- تمام اضلاع کے بعد ریسکیو فائر سروس کی تحصیل کی سطح تک توسیع
- پنجاب میں موٹر وے ایمبولینس سروس کا آغاز
- اب تک 2 لاکھ 80 ہزار سے زائد آگ کے سانحات میں فوری رسپانس
- پیشہ ورانہ فائر فائٹنگ سے +768 ارب روپے مالیت کے نقصانات کی بچت
- 892 ایمبولینسز، 281 فائر ویہکلز، 74 ریسکیو ویہکلز اور 2304 ریسکیو موٹر بائکس بروقت تیار

Safety Check List ہائی رائز بلڈنگز کیلئے

- ہنگامی انخلاء کے راستے کھلے ہوں
- فائر ڈیٹکشن اور الارم سسٹم
- الیکٹریکل فائر پائیڈ ٹرنس
- انٹرنل پائپ ٹرنس اور سپرنکلر سسٹم
- باقاعدگی سے فائر ڈرلز
- آگ بجھانے والے آلات

غیر محفوظ بلڈنگز کے مالکان کیلئے 2 ہفتوں کی مہلت

مالکان کے خلاف سخت کارروائیاں

غیر محفوظ عمارت کی Sealing

SEALED

SPL-61

ہنگامی صورتحال میں ریسکیو 1122 پنجاب، عوام کے ہمیشہ ساتھ | محکمہ ایمرجنسی سروسز، حکومت پنجاب